بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب حامداً و مصلیاً

(۱)............اگر حج فرض ہو اور قرض کی واپسی کی امید ہو تو قرض لے کر حج کرنا جائز ہے، البتہ عمرہ چونکہ سنّت ہے اس لئے اس کیلئے قرض لینا جائز نہیں۔

(۲)............اگر قرض منہا کرنے کے بعد قرض دار کے پاس موجود رقم حج کیلئے کافی ہو تو حج فرض ہوگا ورنہ فرض نہ ہوگا۔

(۳)............کسی دوسرے کی ملکیتی جگہ پر مالک کی اجازت کے بغیر امام کا گھر بنانا جائز نہیں۔

(۴)............غیر کی ملکیتی جگہ پر اس کی اجازت کے بغیر کسی عالم کا اپنا مکان بنانے پر اصرار کرنا جائز نہیں۔

(۵)............مسجد انتظامیہ کیلئے ایسی جگہ امام کا گھر بنانا یا کوئی اور تصرف کرنا جائز نہیں۔

(۶)............فحش کلام کسی کیلئے جائز نہیں۔

(۷)............اگر بیت الخلاء کے اوپر گھر بنانے سے بدبو اور رہائشی اعتبار سے کوئی خرابی نہ ہو تو انتظامیہ کی اجازت سے امام کا گھر بنانے میں کوئی حرج نہیں۔

(۸)............کسی مسلمان کیلئے بغیر شرعی وجہ کے تین دن سے زائد بات چیت بند کرنا جائز نہیں۔

(۹)............نکاح فارم پُر کرنا ایک عمل ہے، لہٰذا اس پر اجرت طے کر کے لینا جائز ہے۔

(۱۰)............اگر امام کو مسجد انتظامیہ نے قریب میں گھر مہیا کر دیا ہو اور اس کو آنے جانے میں کوئی تکلیف نہ ہو اور اس ...بں ضرورت کے مطابق سہولیات دستیاب ہوں تو امام کا مسجد میں گھر کا مطالبہ کرنا مناسب نہیں۔

Scanned by CamScanner

...ون سوال وجواب

(۱۱)............فرض نماز کی طرح نمازِ جنازہ پڑھانا بھی امام کی ذمہ داری ہے، لہٰذا امام کا بغیر شرعی وجہ کے کسی کے نمازِ جنازہ میں شرکت نہ کرنا شرعاً درست نہیں۔

(۱۲)............سید کا زکوۃ لینا اور اس کو زکوۃ دینا جائز نہیں۔ واللہ سبحانہٗ اعلم

محمد طاہر غفرلہٗ

محمد طاہر غفرلہٗ

دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی

۱۴۳۰/۱۲/۲۰

الجواب صحیح

محمد عبدالمنان عفی عنہ

۲۰/۱۲/۱۴۳۰ھ

میری بیوی زبان دراز نافرمان ہونے کیوجہ سے چھوٹی